3 مارچ تا 9 مارچ 2023 | شمارہ نمبر 10 | جلد نمبر 35

1989ء سے مسلسل اشاعت

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ
کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM TM

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card. 190 Gsm. Contact for Booking **IBM:111-426-725**




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT


Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com


Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
Brands

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award™ 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ 2011-2012 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت 100 روپے

# اسٹیکر کی ویلیوایشن رولنگ پر نظرثانی کی اسٹار کنورٹرز و دیگر کی درخواست منظور

## 20 دسمبر کو جاری ہونے والی رولنگ نمبر 1715 کو کالعدم قرار دے دیا گیا۔ انڈونیشیا کی دیگر برانڈ کی ویلیوایشن 300 ڈالر سے کم ہوکر 1740 ڈالر ہوگئی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر جنرل کسٹم (ویلیوایشن) گل رحمٰن نے کسٹم ویلیوایشن کی جانب سے جاری کردہ اسٹیکر پیپر سے متعلق ویلیو ایشن رولنگ نمبر 1715/2022 مورخہ 20 دسمبر 2022 کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔ مذکورہ رولنگ کے خلاف نظرثانی کی درخواست اسٹار کنورٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ کے علاوہ پاری ٹریڈرز، سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، ہمدم پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ اور مدنی پیپر مارٹ لاہور نے علیحدہ علیحدہ دائر کی تھیں۔ اس سلسلے میں یکم اور 9 فروری کو سماعت ہوئی۔ درخواست دہندگان کی جانب سے شیخ فرخ سلیم (مشیر) عقیل احمد خان ایڈووکیٹ اور آصف اعجاز نے اپنا اپنا موقف پیش کیا جبکہ ڈائریکٹر ویلیوایشن کی جانب سے امریش کمار اور جبار چوہدری ویلیوایشن آفیسرز پیش ہوئے۔ یہ درخواستیں دفعہ 25(D) کے تحت ڈی جی ویلیوایشن کے پاس نظرثانی کے لئے دائر کی گئی تھیں۔ واضح رہے کہ اس رولنگ میں سابقہ رولنگ نمبر 1533/2021 مورخہ 7 مئی 2021 کے مقابلے میں اندھا دھند اضافہ کیا گیا تھا۔ جو منفی 8 فیصد تا 72.50 فیصد تک تھا جیسا کہ مندرجہ ذیل چارٹ سے ظاہر ہو رہا ہے۔

| S.No. | Origin | Brands | Old VR No. 1533/21 Dated: 07.05.2021 | New VR No.1715/22 Dated: 20.12.2022 | Increase % |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Indonesia | Veritiec | 2.170 | 2.30 | 6.0% |
| 2 | | Lintec | 2.950 | 3.00 | 1.80% |
| 3 | | Aqna Polk | 1.700 | 3.00 | 6.0% |
| 4 | | Other Brands | 1.740 | 3.00 | 72.50% |
| 5 | Thailand | OJI | 2.250 | 2.50 | 11.0% |
| 6 | | Other Brands | 2.300 | 2.50 | 8.50% |
| 7 | Europe | Adestor | 2.250 | 2.50 | 11.0% |
| 8 | | Other Brands | 2.200 | 2.50 | 13.50% |
| 9 | China | All Brands | 1.580 | 1.45 | -8.00% |

مذکورہ چارٹ میں انڈونیشیا کی دیگر برانڈ میں یکدم 72.50 فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے جو کہ ڈیٹا سے مطابقت نہیں رکھتا ہے اور دفعہ 107 کے تحت 90 دن کے آس پاس کا ڈیٹا قابل قبول ہوتا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ محکمہ نے قانون کے مطابق کام نہیں کیا ہے اور اس کے پاس اس سلسلے میں کوئی ثبوت بھی موجود نہیں ہے۔ اسی طرح ایکنا اور ویری ٹیک کی قیمتیں بھی یکطرفہ طور پر بڑھائی گئی ہیں۔ ڈی جی ویلیو ایشن نے اس سلسلے میں اپنے 28 فروری 2023 کو جاری کئے جانے والے حکم نمبر 07/2023 میں کہا ہے کہ سماعت کے دوران فراہم کی گئی تفصیلات سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ لنٹیک برانڈ، اسٹیکر انڈونیشیا کی ویلیو یورپ کی ویلیو سے بھی زائد ہوگئی ہے اور اس کی ویلیوایشن میں غیر معمولی اضافہ کر دیا گیا ہے جبکہ یورپین اشیا کو عموماً اعلیٰ معیاری اور زیادہ قیمتی مانا جاتا ہے اور یہ اضافہ بغیر کسی ثبوت کے کیا گیا ہے اس کے علاوہ قیمتوں کے اضافے میں کوئی تسلسل اور یکسانیت نہیں پائی جاتی ہے اس کے علاوہ ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ کی جانب سے بھی ایسے ثبوت سامنے نہیں آئے کہ جس سے مارکیٹ سروے ثابت ہوتا ہو۔ اس طرح رولنگ نمبر 1715 کسٹم ایکٹ دفعات سے مطابقت نہیں رکھتی ہے۔ یہ رولنگ کالعدم قرار دی جاتی ہے اور ڈائریکٹر ویلیوایشن کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 30 دن کے اندر دفعہ 25A نئی رولنگ جاری کرے جس میں متعلقہ فریقوں کو سننے کے ساتھ ساتھ قانونی دفعات کو بھی پیش نظر رکھا جائے۔ اس حکم کے ساتھ ہی رولنگ نمبر 1533 مورخہ 27 مئی 2021 دوبارہ فعال ہوگئی ہے جس کے تحت اب انڈونیشیا کے دیگر برانڈز کی ویلیو 3000 سے کم ہوکر 1740 ڈالر فی ٹن ہوگئی ہے۔

# ابھی تک اوقات کار کا کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا، کمشنر کراچی

کراچی (بزنس ڈیسک) کمشنر کراچی کے ترجمان نے کہا ہے کہ کمشنر نے شہر میں شادی ہالز، ریسٹورنٹس اور مارکیٹوں کے اوقات کار کے بارے میں کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا ہے۔ قبل ازیں کمشنر آفس سے ڈپٹی کمشنرز کو سرکلر جاری کیا گیا تھا جس میں کراچی میں شاپنگ مال اور مارکیٹیں رات ساڑھے 8 بجے بند کرنے کا نیا حکم نامہ دیا گیا تھا، حکم نامہ کمشنر کراچی کے آفس سے تمام ڈپٹی کمشنرز کو جاری کیا گیا تھا نوٹیفکیشن کے مطابق شہر میں شادی ہال اور ریسٹورنٹ رات 10 بجے بند کرنے کا حکم دیا گیا تھا اور کہا گیا تھا کہ یہ حکم حال ہی وزیر اعظم کی زیر صدارت کابینہ فیصلوں کے تناظر میں ملک میں توانائی کی بچت کو مدنظر رکھتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آئی ایم ایف کی سخت شرائط: معاہدہ اب تک نہ ہو سکا

## ملک میں بدستور بین الاقوامی تجارت میں تعطل برقرار، چار سخت شرائط پر عمل درآمد کا مطالبہ

اسلام آباد/کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان کو آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کیلئے غیر معمولی صورتحال اور عالمی مالیاتی ادارے کی ایٹمی دھماکے کے وقت لگائی گئی 98ء جیسی سخت شرائط کا سامنا ہے، پاکستان کی بگڑتی ہوئی معیشت کو سہارا دینے کیلئے آئی ایم ایف نے چار پیشگی سخت شرائط رکھ دی ہیں، آئی ایم ایف نے بجلی کی قیمتوں میں مستقل 3.82 روپے فی یونٹ کے مستقل سرچارج کا مطالبہ کر دیا ہے، آئی ایم ایف نے اسٹاف لیول معاہدے کیلئے شرح سود مزید بڑھانے کا بھی مطالبہ کیا ہے، پاکستان شرح سود کو مہنگائی کے مطابق مقرر کرنے پر تیار ہے اس کے علاوہ آئی ایم ایف ایکسچینج ریٹ کو افغان باڈر ریٹ سے منسلک کرنے کا خواہشمند ہے، مزید برآں بیرونی فنانسنگ پر بھی آئی ایم ایف تحریری یقین دہانی کیلئے بضد ہے۔ جبکہ پاکستان کو چین کے علاوہ کسی بھی دوست ملک سے واضح یقین دہانی نہیں مل سکی، چین کی طرف سے 700 ملین ڈالرز پہلے ہی پاکستان کو مل چکے ہیں، چین سے مزید ایک ارب 30 کروڑ ڈالر تین اقساط میں بھی جلد مل جائیں گے، آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی میں وزارت خارجہ کے کردار سے بھی وزارت خزانہ ناخوش ہے۔ اس سلسلے میں وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی جانب سے امریکی عہدیداروں سے رابطہ کر کے کردار ادا کرنے کی اپیل کی بھی اطلاعات ہیں جبکہ یہ کام وزارت خارجہ کا تھا۔ ذرائع کے مطابق پرائمری خسارے اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے اعداد و شمار پر بھی اختلاف ہیں، پاکستان 7 ماہ کے اعداد و شمار کے مطابق خسارے کا ہدف مقرر کرنا چاہتا ہے لیکن آئی ایم ایف اپنی طرف سے ہدف مقرر کرنے پر بضد ہے۔ چاروں پیشگی اقدامات پر عمل درآمد ہی پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف کی سطح کے معاہدے اور 6.5 ارب ڈالر کی توسیعی فنڈ سہولت کے تحت 1 ارب ڈالر کی قسط کے اجراء کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ پاکستان کی جانب سے مذاکرات کرنے والے پالیسی سازوں کے دعوے کے مطابق ان میں سے کسی بھی پیشگی کارروائی کی توجیہ نہیں دی جا سکتی۔ اب آئی ایم ایف کی جانب سے گول پوسٹوں میں کی جانے والی متواتر تبدیلیوں نے پاکستانی ٹیم کے لیے 1998 میں اختیار کیے گئے اسی طرز پر عملے کی سطح کے معاہدے پر عمل کرنا واقعی مشکل بنا دیا ہے اور اپنے موقف کو ثابت کرنے کے لیے مختلف مثالیں پیش کیں۔ آئی ایم ایف مشن جس نے حال ہی میں پاکستان کا دورہ کیا تھا نے 9 فروری 2023 کی شب جائزہ مذاکرات کے اختتام پر ایک مثبت پریس ریلیز جاری کرنے کا عہد کیا لیکن کلیئرنس کے لیے واشنگٹن ڈی سی کو بھیجے گئے مسودے میں بڑے پیمانے پر تبدیلی کی گئی اس لیے فنڈ کے ہیڈ کوارٹر کی جانب سے پریس ریلیز کے متن سے ''جامع مذاکرات'' اور ''مثبت نتائج'' جیسے الفاظ کو حذف کر دیا گیا۔ فنانس ڈویژن کو امید ہے کہ عملے کی سطح کا معاہدہ اگلے ہفتے ہو سکتا ہے بشرطیکہ آئی ایم ایف کسی بھی مطالبے کے ساتھ آنے سے گریز کرے۔ آئی ایم ایف نے چار پیشگی اقدامات کیے ہیں جن میں 3.39 روپے فی یونٹ کے علاوہ 0.43 پیسے (کل 3.82 روپے فی یونٹ) کے مستقل بجلی سرچارج کا نفاذ، مارکیٹ کی بنیاد پر زرمبادلہ کی شرح، ڈسکاؤنٹ کی شرح میں 150 سے 250 بیسز پوائنٹس اضافہ اور 7 ارب ڈالر کے بیرونی مالیاتی فرق کو پورا کرنے کے لیے دوطرفہ شراکت داروں سے تصدیق حاصل کرنا شامل ہے۔ پاور سرچارج پر پاکستانی فریق نے دلیل دی کہ آئی ایم ایف پروگرام جون 2023 میں ختم ہونے والا ہے تو آئی ایم ایف 3.82 روپے فی یونٹ کے مستقل سرچارج لگانے کا مطالبہ کیسے کر سکتا ہے۔ بیرونی فنانسنگ کی تصدیق کے معاملے پر اعلیٰ عہدیدار نے کہا کہ آئی ایم ایف کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو اونچی جانب کر رہا ہے، اس لیے انہوں نے 7 ارب ڈالر کا فرق پیش کیا جبکہ سرکاری تخمینہ 5 ارب ڈالر کا فرق ظاہر کر رہا ہے، اس لیے اسے پورا کرنے کی ضرورت ہے۔ عہدیدار کا کہنا تھا کہ پاکستان نے 5 ارب ڈالر کے تجارتی قرضے واپس کیے ہیں جن میں سے چین سے 700 ملین ڈالر پہلے ہی دوبارہ فنانس کیے گئے ہیں جبکہ باقی 1.3 ارب ڈالر جلد ہی دو قسطوں میں دوبارہ فنانس کیے جائیں گے۔ عہدیدار نے کہا کہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات بالترتیب 2 ارب ڈالر اور 1 ارب ڈالر کے اضافی ڈپازٹس فراہم کریں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر جون 2023 کے آخر تک 10 ارب ڈالر سے تجاوز کر جائیں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ انہوں نے مقررہ وقت کے اندر ڈالر کی آمد پر مطلوبہ اعداد و شمار حاصل کرنے کے انتظامات کر لئے ہیں۔ اس صورت حال میں پاکستان کی بین الاقوامی تجارت بدستور تعطل کا شکار ہے ملک میں مہنگائی کا دور دورہ ہے تمام اقسام کے خام مال کی عدم دستیابی کے باعث ملکی صنعتیں بھی بند ہو رہی ہیں اور حکومت کو ٹیکسوں میں کمی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

# ''ڈیفالٹ کا خطرہ بڑھا ہے'' موڈیز کی جانب سے پاکستان کی ریٹنگ میں مزید کمی

لاہور (نیوز ڈیسک) ''ڈیفالٹ کا خطرہ بڑھا ہے'' موڈیز نے پاکستان کی ریٹنگ مزید کم کر دی، عالمی ایجنسی نے پاکستان کی معاشی ریٹنگ کم کر کے سی اے اے ون سے سی اے اے تھری کر دی ہے۔ موڈیز کی جانب سے عالمی ادائیگیوں کے چیلنجز اور ڈیفالٹ رسک کو دیکھتے ہوئے پاکستان کی ریٹنگ کم کی گئی۔ موڈیز کے مطابق پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر انتہائی کم ترین سطح پر آ گئے ہیں۔ واضح رہے موڈیز نے اکتوبر 2022 میں پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کو بی 3 سے کم کر کے سی اے اے 1 کر دیا تھا اس حوالے سے موقف اپنایا گیا تھا کہ لیکویڈٹی، بیرونی خدمات اور قرض کے باعث ریٹنگ کم کی گئی ہے۔ موڈیز نے مزید کہا تھا کہ پاکستان کے آؤٹ لک میں تبدیلی نہیں کی گئی اور وہ منفی پر ہی موجود ہے، اس سے قبل جون میں ہی عالمی ریٹنگ ایجنسی موڈیز نے پاکستان کا آؤٹ لک جاری کرتے ہوئے ریٹنگ مستحکم سے منفی کی تھی۔

# طیب جی روڈ پر نکاسی آب کی لائن کی تبدیلی وبال جان بن گئی

## ایک ماہ سے پائپ روڈ پر رکھے ہیں، دکاندار اور راہگیر پریشان ہیں، عبدالمجید میمن



کراچی (پیپر بزنس نیوز) سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور کراچی چیمبر کی خصوصی کمیٹی برائے اسمال ٹریڈرز کے چیئرمین عبدالمجید میمن نے مینجنگ ڈائریکٹر کراچی واٹر اینڈ سیوریج بورڈ سید صلاح الدین احمد سے مطالبہ کیا ہے کہ طیب جی روڈ پیپر مارکیٹ پر گزشتہ ایک ماہ سے سیوریج لائن بچھانے کے لئے رکھے گئے پائپوں کو فوری طور پر زیر زمین بچھایا جائے کیونکہ پائپوں کو سڑکوں پر ڈال کر چھوڑ دیا گیا ہے جس سے راہگیروں کے ساتھ ساتھ دکانداروں کو بھی شدید مشکلات پیش آ رہی ہیں انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنے کے انتظامات کئے جائیں تا کہ شہریوں کے لئے کم از کم اذیت کا باعث نہ بنیں۔ اس سلسلے میں کراچی چیمبر نے بھی مینجنگ ڈائریکٹر واٹر بورڈ کو خط لکھ دیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

CPP Services Private Limited

UPG 联强集团 UP GROUP

## World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

| | |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根<br>上海德拉根印刷机械有限公司<br>SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI<br>浙江国威智能设备有限公司<br>Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN®<br>盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明<br>GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS<br>MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈالر کی سمگلنگ میں ایک بار پھر تیزی، درآمد کنندگان گرے مارکیٹ سے ڈالر خرید رہے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں گرے مارکیٹ ایک بار پھر متحرک ہوگئی اور ڈالر کی اسمگلنگ پھر زور پکڑ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایکسچینج مارکیٹ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان میں گرے مارکیٹ ایک بار پھر متحرک ہوگئی ہے، آئی ایم ایف معاہدے میں تاخیر کے سبب گرے مارکیٹ سے خریداری بڑھ رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق متعدد درآمد کنندگان نے گرے مارکیٹ سے ڈالر کا بندوبست کرنا شروع کر دیا ہے، ملک میں ڈالر کی اسمگلنگ پھر زور پکڑ رہی ہے، اور گرے مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت 282 سے 285 روپے کے درمیان ہے۔ ادھر پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدے کے سلسلے میں پاکستان پر پیشگی اقدامات بروقت کرنے کے لیے مسلسل دباؤ بڑھ رہا ہے، آئی ایم ایف نے سخت مانیٹری پالیسی کا مطالبہ کیا جس سے شرح سود بڑھنے کا خدشہ ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اسٹیٹ بینک نے 22 فروری کو 258 ارب روپے کے ٹی بلز فروخت کر دیئے ہیں، اسٹیٹ بینک کا بنیادی شرح سود 17 فی صد ہے۔ اسٹیٹ بینک نے 3 ماہ کی شارٹ ٹرم ٹی بلز 19.95 فی صد پر فروخت کیے، جو بنیادی شرح سود سے 2.9 فی صد زیادہ ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ورچوئل میٹنگ میں مانیٹری پالیسی کے نکات پر بھی گفتگو ہوئی، آئی ایم ایف مانیٹری پالیسی میں سختی کرنے پر بضد ہے اور پاکستان پر مہنگائی کے حساب سے مانیٹری پالیسی میں سختی کے لیے دباؤ ڈال رہا ہے۔

## 2330 ارب روپے کے ٹیکس تنازعات قانونی جنگ کا شکار

کراچی (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین عاصم احمد نے ایک بریفنگ کے دوران انکشاف کیا کہ پاکستان میں ٹیکس سے متعلق قانونی چارہ جوئی 2,330 ارب روپے کی حیران کن رقم تک پہنچ گئی ہے، جس سے ملک میں ٹیکس سے متعلق کیسز کے وسیع بیک لاگ کو اجاگر کیا گیا ہے۔ سینیٹ کمیٹی برائے خزانہ ایف بی آر نے ٹیکس سے متعلق معاملات پر 76,349 مقدمات درج کیے ہیں اور اسلام آباد ہائی کورٹ میں تقریباً 245 مقدمات کو روک دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان زیر التواء مقدمات کو حل کرنے میں مدد کے لیے، اسلام آباد اور لاہور ہائی کورٹس میں خصوصی بنچ تشکیل دیے گئے ہیں، اور ایف بی آر کے چیئرمین جلد ہی ان عدالتوں کے چیف جسٹسز سے ملاقات کریں گے۔ اس کے علاوہ، 1,400 بلین روپے کی رقم تقریباً 63,000 کیسز کے ساتھ پھنسی ہوئی ہے، جس سے قومی خزانے کو نمایاں نقصان ہو رہا ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے، ایف بی آر ٹیکسوں کی مد میں ریزولوشن کے لیے ٹاپ 100 کیسز کا انتخاب کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی نے عدالت سے باہر تصفیوں کی تلاش کے ذریعے بحالی کو تیز کرنے کی تجویز دی ہے۔ اس سے ایف بی آر کو ریونیو کی ایک قابل ذکر رقم کی وصولی اور عدالتی نظام پر بوجھ کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ایف بی آر کے چیئرمین نے ٹیکس سے متعلق ان مسائل کو حل کرنے میں مدد کے لیے ٹیکس دہندگان سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز سے تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ امید ہے کہ یہ کوششیں زیادہ موثر اور موثر ٹیکس نظام کی طرف لے جائیں گی جس سے حکومت اور ٹیکس دہندگان دونوں کو فائدہ ہوگا۔

## محکمہ کسٹمز کو ضبط کی گئی غیر ملکی کرنسی نیشنل بینک میں جمع کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے کسٹم حکام کو ہدایت کی ہے کہ اسمگلنگ کی مختلف کارروائیوں کے دوران ضبط کی گئی غیر ملکی کرنسیوں کو نیشنل بینک آف پاکستان کی متعلقہ برانچوں میں جمع کرایا جائے جو برانچیں زرمبادلہ کا کاروبار کرتی ہیں۔ اس سلسلے میں ایف بی آر نے کسٹمز کلکٹریٹس کو ضبط شدہ غیر ملکی کرنسیوں کی تصدیق کے طریقہ کار پر ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ایف بی آر کی ہدایات کے مطابق ایف بی آر نے مذکورہ معاملے پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے خط کا حوالہ دیا ہے۔ ایف بی آر کی دستاویز میں کہا گیا ہے کہ مرکزی بینک نے ڈی جی کسٹمز انٹیلی جنس اور ممبر کسٹمز کو ضبط شدہ غیر ملکی کرنسیوں کی تصدیق کے لیے اسٹیٹ بینک کے وضع کردہ نئے طریقہ کار کے بارے میں آگاہ کیا ہے۔ نئے طریقہ کار کے مطابق، قانون نافذ کرنے والے اداروں یا دیگر سرکاری محکموں کے ذریعے ضبط کی گئی غیر ملکی کرنسیوں کو غیر ملکی زرمبادلہ میں کام کرنے والی نیشنل بینک کی برانچوں کو براہ راست حوالے کیا جانا چاہیے، وصولی/تصدیق اور مناسب اکاؤنٹس میں آگے کریڈٹ کے لیے۔ نئے عمل کا مقصد ان کرنسیوں کی ہینڈلنگ کو ہموار کرنا اور مجموعی آپریشن کو مزید موثر بنانا ہے۔ اس کے بعد، کسٹمز نے اپنی فیلڈ فارمیشنز کو ہدایت کی ہے کہ وہ ضبط شدہ غیر ملکی کرنسیوں کو غیر ملکی زرمبادلہ میں کام کرنے والی نیشنل بینک کی شاخوں کے حوالے کر دیں، ایف بی آر نے اسٹیٹ بینک کی ہدایات کا حوالہ دیا۔



پنجاب کے صوبائی محتسب میجر ریٹائرڈ اعظم سلیمان کے دورہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے موقع پر صدر کاشف انور ان کا استقبال کر رہے ہیں، تصویر میں لیڈر بزنس مین گروپ پیپر مارکیٹ خامس سعید بٹ بھی موجود ہیں




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# آرٹ کارڈ و پیپر، کاربن لیس، ساوی برائٹ، بلیچ بورڈ، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، مقامی ڈپلیکس بورڈ میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی اور مندی دیکھی گئی اور یکم مارچ 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ فورٹونا، لاثانی نیچرل، میگا ٹاپ اور انرجی سنر جی مل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا، بریف کارڈ انڈونیشیا، نیو یا آرٹ پیپر، کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار، امپریشن ڈاٹ، گرافک بورڈ ساوی برائٹ، اسٹیکر پیپر یونگی چائنا، لیبل ٹیک چائنا، گریس پروف پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 470 روپے سے بڑھ کر 510 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 120، 150، 180، 210، 230 اور 265 گرام، 515 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔90۔100۔105۔113۔128 اور 150 گرام، 510 روپے سے بڑھ کر 530 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 510 روپے سے بڑھ کر 530 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 5800 روپے سے بڑھ کر 9000 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 5500 روپے سے بڑھ کر 9000 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ گرافک بورڈ ساوی برائٹ 23x36 سائز اور 25x36 سائز، 290 گرام، 450 روپے سے بڑھ کر 500 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ فورٹونا تمام سائز تمام گرام، 208 روپے سے کم ہوکر 205 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 187 روپے سے کم ہوکر 185 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 157 روپے سے کم ہوکر 155 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 262 روپے سے کم ہوکر 260 روپے، تمام سائز 290 گرام، 256 روپے سے کم ہوکر 255 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچبورڈ چینمنگپا نا ریلز تمام سائز تمام گرام 460 روپے سے بڑھ کر 480 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا بی ایل سی 70 گرام، 1530 روپے سے کم ہوکر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1500 روپے سے بڑھ کر 1550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 65 گرام، 1250 روپے سے بڑھ کر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 13-F4A.5۔ 70 گرام، 1580 روپے سے بڑھ کر 1600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 2700 روپے سے بڑھ کر 2800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1600 روپے سے بڑھ کر 1650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1725 روپے سے بڑھ کر 1825 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A3 سائز 2400 روپے سے بڑھ کر 2600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 5600 روپے سے بڑھ کر 5800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 6100 روپے سے بڑھ کر 6500 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# پیپر مارکیٹ کے ملازمین و مزدوروں کیلئے راشن کی تقسیم

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ممبران کی جانب سے پیپر مارکیٹ طیب جی روڈ، فیض محمد فتح علی روڈ اور حسن علی آفندی روڈ) کے مزدوروں، اپپما کے ممبران، پیپر مارکیٹ کی دکانوں اور دفاتر میں کام کرنے والے ملازمین کے لیے راشن تقسیم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں 6 افراد پر مشتمل کمیٹی قائم کردی گئی ہے جو اس کارخیر کو سرانجام دے گی۔

حاجی نور محمد احمد، محمد احمد اظہر، محمد رضا شیخ، محمد عمران، علی حیدر۔ اس کارخیر میں راشن کے حوالے سے جو حضرات اپنا حصہ ڈالنا چاہتے ہوں وہ ممبر کمیٹی سے رابطہ کریں۔ پیپر مارکیٹ کے دکانداروں سے گذارش ہے کہ (اپپما کے ممبران پیپر مارکیٹ کی دکانیں دفاتر کے ملازمین) کے کوائف جو کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، وزیٹنگ کارڈ اور ملازم کے فون نمبر کے ہمراہ، دفتر ایسوسی ایشن میں 27 فروری 2023 سے 4 مارچ 2023 تک جمع کروادیں۔ مزدور (ہاتھ گاڑی رکشہ، چنگ چی سوزوکی/کیا وغیرہ کے ڈرائیور اور لوڈر) بذات خود اپنے شناختی کارڈ کی کاپی بمع اپنے موبائل نمبر کے 27 فروری سے 4 مارچ 2023 تک دفتر ایسوسی ایشن میں جمع کروائیں۔ اپپما کے ایک اعلامیہ کے مطابق مستحقین کی جانچ پڑتال کے لیے درخواست گزار کو 2 یا 3 مراحل سے گزرنا ہوگا۔ لہذا جب بھی رابطہ کیا جائے تو ہر بار اپنے ہمراہ اصل شناختی کارڈ بمع فوٹو کاپی ضرور ساتھ لائیں، شناختی کارڈ کی کاپی صاف واضح ہونی چاہیے اور اس پر اپنا موبائل نمبر بھی صاف لکھا ہوا ہونا چاہیے۔ راشن اور تقسیم کے طریقہ کار کے لئے راشن کمیٹی اپنی ذمہ داری اور فیصلوں میں خودمختار ہے۔ شناختی کارڈ جمع کروانے کے اوقات:۔ دوپہر 12:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک ہیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ایف بی آر نے اپنے افسران، ملازمین کو دی گئی سزاؤں پر عملدرآمد نہیں کیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر میں سروس قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر گزشتہ دو برسوں میں افسران اور ملازمین کو مجاز اتھارٹی کی جانب سے دی گئی سزاؤں اور جرمانوں پر عملدرآمد نہ کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے جس کا چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد نے سخت نوٹس لیا ہے اور سزاؤں پر عملدرآمد نہ کرنے کا ذمہ دار متعلقہ فیلڈ فارمیشن کے سربراہوں کو قرار دیا گیا ہے، سزاؤں اور جرمانوں پر عملدرآمد نہ ہونا سروس کے ایفیشنسی و ڈسپلن رولز کی سنگین ترین خلاف ورزی ہے، ذرائع کے مطابق پاکستان کسٹم سروس کے 32 افسران و ملازمین کو 11 دسمبر 2020 سے 2022 تک سروس رولز کی خلاف ورزی سمیت دیگر الزامات پر تنخواہوں، الاؤنسز اور مراعات کو روکنے اور ان میں کٹوتی کی سزائیں دی گئی تھیں لیکن حیران کن طور پر سزاؤں کے ان فیصلوں پر عملدرآمد نہیں کیا گیا اور ایسے افسران اور اہلکار بدستور مراعات سے فیض یاب ہوتے رہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے چیئرمین وسیکریٹری ریونیو عاصم احمد نے سزاؤں پر عملدرآمد نہ کیے جانے کی معلومات پر سخت نوٹس لیتے ہوئے کسٹم ڈیپارٹمنٹ کے تمام چیف کلکٹرز، ڈی جی کلکٹرز اور ڈائریکٹرز کو ہدایات جاری کی ہیں کہ کسٹم کے ان افسران اور اہلکاروں کی سزاؤں اور عائد کیے گئے جرمانوں پر عملدرآمد کی رپورٹ 3 مارچ تک فراہم کی جائے اور یہ بتایا جائے کہ کسٹم کے مذکورہ افسران واہلکار کے خلاف سزاؤں اور جرمانوں پر بروقت اور مکمل طور پر عملدرآمد کیا گیا، دستاویزات کے مطابق کسٹم کی مختلف فیلڈ فارمیشن کے جن افسران اور اہلکاروں کو سال 2020 سے 2022 کے دوران سروس رولز کی خلاف ورزی پر سزائیں اور جرمانے کیے گئے ہیں۔

# درجنوں اشیا پر 25 فیصد جی ایس ٹی لگانے کی تجویز تیار

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت اضافی محصولات اکٹھا کرنے کے لیے درجنوں صارفین کی اشیا پر 25 فیصد جنرل سیلز ٹیکس کی شرح لگانے کے لیے تیار ہے، ان میں سے بہت سی پر تعیش سامان کے زمرے میں نہیں آتیں۔ ذرائع نے بتایا کہ امکان ہے کہ اس فیصلے کی منظوری حاصل کرنے کے لیے ایک سمری وفاقی کابینہ کے پاس بھیجی جائے گی جس میں کہا گیا ہے کہ درآمد کیے گئے سامان کی قیمت کے 25 فیصد کی شرح سے سیلز ٹیکس وصول کیا جائے گا، لگایا جائے گا اور ادا کیا جائے گا۔ حکومت نے ان اقدامات کو اسٹیٹوٹری ریگولیٹری آرڈر کے ذریعے اٹھانے فیصلہ کیا جسے ٹیکس لگانے کی اچھی شکل نہیں سمجھا جاتا، حالانکہ حکومت حال ہی میں منظور شدہ ضمنی مالیاتی ایکٹ کے ذریعے یہ اختیارات حاصل کرنے میں کامیاب رہی ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان سے مہنگائی پر قابو پانے کے لیے شرح سود میں خاطر خواہ اضافہ کرنے کو کہا ہے، ایک مطالبہ جسے مرکزی بینک 16 مارچ کو پورا کرنا چاہتا تھا لیکن اب اسے پہلے کرنا پڑ سکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مرکزی بینک رواں ہفتے خصوصی اجلاس بلانے پر غور کر رہا ہے اور سود کی شرح میں خاطر خواہ اضافہ ہوسکتا ہے جو پہلے ہی 17 فیصد پر ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے اگلے چار ماہ میں کم از کم 7 ارب روپے جمع کرنے کے اقدام کے تحت سیکڑوں ٹیرف لائنوں کے مقابلے میں جی ایس ٹی کی شرح 25 فیصد تک بڑھانے کی تجویز کا مسودہ تیار کیا ہے۔ اس کی توثیق کے لیے سمری وفاقی کابینہ کو بھجوائی جائے گی۔ وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا تھا کہ لگژری اشیا پر ٹیکس مزید بڑھا کر 25 فیصد کر دیا جائے گا تاہم فہرست سے پتہ چلتا ہے کہ چھوٹی کاروں کی طرح بہت سے سامان لگژری سامان کے زمرے میں نہیں آتے۔ 850cc کم انجن کی صلاحیت والی گاڑیوں کے پرزے اور اجزا پر بھی 25 فیصد GST کی شرح لاگو کی جاسکتی ہے۔ دستاویزات سے پتہ چلتا ہے کہ حکومت دوبارہ قیمتوں میں اضافے کے لیے سیلز ٹیکس ایکٹ کے سیکشن 3 کا استعمال کر رہی ہے۔ قومی اسمبلی نے حال ہی میں وفاقی حکومت کو جی ایس ٹی کی شرح میں اضافہ کرنے کا اختیار دیا تھا۔ آئین کا آرٹیکل 77 واضح طور پر کہتا ہے کہ فیڈریشن کے مقاصد کے لیے کوئی ٹیکس نہیں لگایا جائے گا سوائے پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت کے۔ آئین کا آرٹیکل 73 منی بلز کے حوالے سے طریقہ کار کے بارے میں بات کرتا ہے۔ اس کی ذیلی شق 2(a) کہتی ہے کہ کسی بل یا ترمیم کو منی بل تصور کیا جائے گا اگر یہ "کسی ٹیکس کا نفاذ، خاتمہ، معافی، تبدیلی یا ضابطہ" ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ جن اشیا پر 25 فیصد ٹیکس لگایا جائے گا ان میں درآمد شدہ منرل اور ایریٹڈ واٹر اور جوس شامل ہیں۔ چیونگم، سفید چاکلیٹ، کرسپی بریڈ، جنجر بریڈ، میٹھے بسکٹ، ویفرز اور سکس بھی ان اشیا میں شامل ہیں۔ اسی طرح منی وینز اور تمام درآمد شدہ کاروں پر مکمل طور پر بلٹ یونٹ کی شکل میں 25٪ جی ایس ٹی کی شرح سے چارج کیا جائے گا۔ یہ مقامی کار اسمبلرز کو غیر مناسب تحفظ فراہم کرے گا۔ 850 سی سی سے زیادہ سلنڈر کی صلاحیت کی گاڑیوں، اسپورٹس یوٹیلیٹی گاڑیوں پر 25 فیصد ٹیکس عائد کیا جائے گا جن میں ان کے پرزہ جات بھی شامل ہیں۔ چمڑے کے سامان، کاسمیٹکس، فرنیچر اور گھریلو آلات پر بھی 25٪ جی ایس ٹی کی شرح لگائی جائے گی۔

## ایس ای سی پی نے غیر قانونی ایپس کے خلاف گوگل سے رابطہ کر لیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے غیر قانونی ایپس کو گوگل اور ایپل اسٹور سے ہٹانے کیلیے گوگل اور ایپل سے رابطہ کیا ہے۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے غیر لائسنس یافتہ چھوٹے قرضے (ڈیجیٹل لینڈنگ) فراہم کرنے والی غیر قانونی ایپس کو گوگل اور ایپل اسٹور سے ہٹانے کیلیے پی ٹی اے، ایف آئی اے کے ساتھ گوگل اور ایپل سے بھی رابطہ کرلیا، جنوری میں 58 غیر قانونی ڈیجیٹل لینڈنگ ایپس کو پلے اسٹور سے ہٹانے کیلیے گوگل کو فہرست بھجوادی گئی۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے کے لئے

سالانہ شرح: =/3000، برائے بیرون کراچی

سالانہ شرح: =/2500، برائے کراچی



(اس میں کوریئر/ڈاک چارجز شامل ہیں)


# ملک میں کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ایک ماہ میں 87 ارب روپے کی خریداری

کراچی (نیوز ڈیسک) ملک میں کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ خریداری کے رجحان میں اضافہ ہو رہا ہے اور جنوری میں کریڈٹ کے ذریعہ خریداری کے حجم میں سالانہ بنیادوں پر 33.5 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق جنوری میں صارفین نے کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ 87 ارب روپے کی خریداری کی جو گزشتہ سال جنوری کے مقابلہ میں 33.5 فیصد زیادہ ہے۔ گزشتہ سال جنوری میں صارفین نے کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ 65 ارب روپے کی خریداری کی تھی۔ دسمبر 2022 کے مقابلہ میں جنوری میں کریڈٹ کے ذریعہ خریداری کے حجم میں ماہانہ بنیادوں پر کوئی اضافہ نہیں ہوا جبکہ دسمبر میں بھی صارفین نے کریڈٹ کارڈز کے ذریعہ 87 ارب روپے کی خریداری کی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# تاجروں اور شادی ہال مالکان نے کاروبار جلد بند کرنے کا فیصلہ مسترد کر دیا

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی کے تاجروں اور شادی ہال مالکان نے بازار، شاپنگ مالز اور شادی ہال جلد بند کرنے کے احکامات مسترد کر دیئے۔ کراچی الیکٹرانکس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے صدر محمد رضوان نے تجارتی مراکز کی 8 بجے شب بندش کو تاجروں کے مفادات سے متصادم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تاجر رات 8 بجے مارکیٹیں بند نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کمشنر کراچی نے تاجروں کے مفادات کے خلاف رات کی تاریکی میں فیصلہ کیا ہے جو کسی صورت میں قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمشنر کراچی کے دفتر میں ہونے والے مزاکرات میں یہ وعدہ کیا گیا تھا کہ توانائی بچت پلان تاجروں کے مفادات کے تناظر میں مرتب کیا جائے گا۔ محمد رضوان نے حکومت پر واضح کیا کہ کراچی کے تاجر 8 بجے شب تجارتی مراکز اور دکانوں کی بندش کے فیصلے پر حکومت سے تعاون نہیں کریں گے۔ دوسری جانب شادی ہالز ایسوسی ایشن کے سربراہان اور ریسٹورنٹس مالکان نے بھی کہا کہ جلد بندش کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ وہ معمول کے مطابق اپنے کام انجام دیں گے، کمشنر کراچی نے اعتماد میں لیے بغیر فیصلہ کیا جسے کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ دوسری جانب کمشنر کراچی کے ترجمان نے وضاحت کی ہے کہ شادی ہالز، ریسٹورنٹس، تجارتی مراکز کی بندش یا اوقات کار کے حوالے سے کوئی نوٹی فکیشن جاری نہیں کیا گیا۔

## کسٹم اپیلٹ ٹربیونل کے ممبران کے تبادلے

کراچی (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے کسٹمز اپیلٹ ٹربیونلز کے جوڈیشل ممبران کی تقرریوں/تبادلوں کا حکم دے دیا۔ 23 فروری 2023 کو جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق جوڈیشل ممبر کراچی عبدالجبار قریشی کو اسلام آباد بنچ II، عتیق پراچہ کو اسلام آباد سے لاہور بنچ II، حافظ انصار الحق کو بنچ II لاہور سے بنچ I میں تعینات کیا گیا۔ کراچی، نوید الحق بینچ II کراچی سے بنچ I، مظہر علی بنچ I لاہور سے کسٹم اپیلٹ ٹربیونل بنچ II، کراچی۔ بی پی ایس 21 میں ان تمام ممبر جوڈیشل کو فوری طور پر تعینات اور ٹرانسفر کر دیا گیا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ تبادلوں کا حکم کراچی بنچوں پر کارروائی کے خلاف شکایات کے بعد دیا گیا تھا۔

# چارٹر آف اکانومی کی منظوری کے لیے گورنر خیبر پختونخواہ کی حمایت پر صدر فیڈریشن کا خیر مقدم

کراچی (بزنس ڈیسک) صدر ایف پی سی سی آئی عرفان اقبال شیخ نے گورنر خیبر پختونخواہ حاجی غلام علی کی طرف سے ایف پی سی سی آئی کے مجوزہ چارٹر آف اکانومی پر کاروباری، صنعتی اور تاجر برادری کی بھرپور حمایت کا خیر مقدم کیا ہے؛ جس کا مقصد 10 سے 15 سال کے لیے معاشی پالیسیوں اور منصوبوں میں تسلسل کو یقینی بنانا ہے۔ یہ پیغام انہوں نے گورنر خیبر پختونخواہ حاجی غلام علی کے ایف پی سی سی آئی ہیڈ آفس کراچی کے دورے کے موقع پر دیا۔ اس موقع پر گورنر خیبر پختونخواہ کے ہمراہ ان کے صوبے کے نمایاں پارلیمنٹیرینز بھی موجود تھے۔ عرفان اقبال شیخ نے کہا کہ حاجی غلام علی اپنے اعلیٰ آئینی عہدے کو موثر طریقے سے استعمال کرتے ہوئے وفاقی حکومت کے ساتھ ہمارے تحفظات، مسائل اور شکایات کو انتہائی پر اثر انداز میں اٹھا سکتے ہیں؛ کیونکہ وہ گزشتہ 4 سے 5 دہائیوں کے دوران خود بھی ایک انتہائی کامیاب کاروباری شخصیت رہے ہیں۔ گورنر خیبر پختونخواہ حاجی غلام علی نے کہا کہ وہ ملک میں کاروبار کرنے کی ناقابل برداشت لاگت سے پوری طرح آگاہ ہیں اور انہوں نے وفاقی حکومت پر واضح کر دیا ہے کہ وہ برآمدات پر مبنی صنعتوں، ایس ایم ایز، محنت کشوں کے تحفظ اور کاروباری اداروں کی بقا کے لیے کام کرے اور سب سے بڑھ کر ملک کے عام آدمی کی روزی اور بنیادی ضروریات کو یقینی بنایا جائے۔ حاجی غلام علی نے پاکستان کی پوری تاجر برادری کو بالعموم اور ایف پی سی سی آئی کو بالخصوص 27 ممالک کے طاقتور تجارتی اتحاد یعنی ایشیا پیسیفک چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر کے طور پر پاکستان کے نمائندے کی 8 سال کی طویل مدت کے بعد شاندار واپسی پر مبارکباد دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان سے نومنتخب نائب صدر خرم طارق سعید اپنے اثر ورسوخ کا استعمال کرتے ہوئے پاکستان کے لیے بہت سے تجارتی مواقع، سرمایہ کاری، جوائنٹ وینچرز اور کاروباری پارٹنرشپ لانے میں مدد کریں گے۔

# تاجروں سے حد سے زیادہ ٹیکس مطالبات بدانتظامی ہے، وفاقی ٹیکس محتسب

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے قرار دیا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے تاجر برادری سے حد سے زیادہ یا مبالغہ آمیز ٹیکس کے مطالبات بدانتظامی کے دائرے میں آتے ہیں۔ جمعرات 23 فروری 2023 کو یہاں تاجروں کے ٹیکس مسائل کے حل میں وفاقی ٹیکس محتسب کے کردار کے بارے میں آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے ایف ٹی او کے کوآرڈینیٹر اور کرغزستان ٹریڈ ہاؤس کے چیئرمین مہر کاشف یونس نے کہا کہ ایف ٹی او نے ایک شکایت کے ازالہ کے دوران واضح طور پر قرار دیا کہ حد سے زیادہ یا مبالغہ آمیز ٹیکس کا مطالبہ صریح ناانصافی ہے اور ایف بی آر کی جانب سے اس قسم کی کوتاہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا جبکہ دوسری طرف ایف ٹی او نے یہ بھی قرار دیا کہ ریاست کے معاملات کو چلانے کے لیے قانونی طور پر قابل ادائیگی ٹیکس بھی بروقت ادا کیے جانے چاہیں۔ مہر کاشف یونس نے کہا کہ ایف ٹی او نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ایف بی آر کو کم تنخواہ والے ملازمین کی تنخواہوں اور اجرتوں سے زیادہ ٹیکس کٹوتیوں سے روک دیا ہے۔ انہوں نے شرکاء کو بتایا کہ انکم ٹیکس کے مقاصد کے لیے ٹیکس آرڈیننس 2001 میں ”آجر اور اجیر“ کے تعلقات کی بنیاد ”ماسٹر سرونٹ ریلیشن شپ“ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریگولر، ایڈہاک، عارضی اور ڈیلی ویجز ملازمت کے مختلف انداز اور شکلیں ہیں اور قانون ان میں کوئی امتیاز نہیں کرتا۔ ایف بی آر نے ایف ٹی او کی ہدایات کو قبول کرتے ہوئے اس سلسلے میں واضح حکم جاری کر دیا ہے۔ مہر کاشف یونس نے کہا کہ یہ اچھا شگون ہے کہ اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان پہلے ہی ایف ٹی او کے فیصلے پر عمل درآمد کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ٹیکس دہندہ کسی ہنگامی صورت حال میں ایف ٹی او کے قریبی یا علاقائی دفاتر سے ذاتی طور پر یا عام ڈاک، ای میل، واٹس ایپ یا ٹیلی فون کے ذریعے رابطہ کر سکتا ہے یا ایف ٹی او کے حکم کے مطابق 45 ایام میں اپنی شکایات کے ازالے کے لیے درخواست جمع کرا سکتا ہے۔

## ضمنی فنانس بل پر عملدرآمد شروع

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے فنانس (سپلیمنٹری) بل 2023 کی منظوری دیدی۔ بل کی منظوری آئین کے آرٹیکل 75 کے تحت دی گئی ہے۔ نیوز ایجنسیوں کے مطابق بل میں 170 ارب روپے مالیت کے نئے ٹیکس لگائے گئے ہیں تاکہ آئی ایم ایف کے بیل آؤٹ پروگرام کو بحال کیا جا سکے۔ بل کی منظوری کے بعد سیلز ٹیکس کی شرح 17 سے بڑھا کر 18 فیصد ہوگئی ہے، پرتعیش اشیا پر ڈیوٹی کی شرح 25 فیصد تک ہوگئی ہے۔ شادی ہالز کی تقریبات کے بلوں پر 10 فیصد ٹیکس عائد کر دیا گیا ہے، فضائی کمپنیوں کے بزنس کلاس اور فرسٹ کلاس کے ٹکٹس کی قیمتوں میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# 94 ممالک آئی ایم ایف کے مقروض: ایشیا میں پاکستان پہلے نمبر پر

## 148 ڈالر سے زائد کے کل قرضوں میں پاکستان ساڑھے سات ارب کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے

لاہور (نیوز ڈیسک) آئی ایم ایف کے جاری اعداد وشمار کے مطابق اس وقت پاکستان سمیت دنیا کے 94 ممالک پر آئی ایم ایف کا کل قرضہ 148 ارب 30 کروڑ 75 لاکھ 64 ہزار 839 ڈالر (111 ارب 42 کروڑ 81 لاکھ 80 ہزار 79 ایس ڈی آر) ہے، قرضے کے اعتبار سے ارجنٹینا آئی ایم ایف کا سب سے زیادہ مقروض ملک ہے۔ انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کا قیام دوسری جنگ عظیم کے دوران 1944ء میں ہوا جبکہ پاکستان 11 جولائی 1950 کو آئی ایم ایف کا رکن بنا تھا، آئی ایم ایف 190 ارکان ممالک پر مشتمل ایک بین الاقوامی مالیاتی ادارہ ہے، آئی ایم ایف کے قیام کا مقصد ممالک کو معاشی بحران میں مالی معاونت فراہم کرنا ہے۔ قرضے کے اعتبار سے ارجنٹینا آئی ایم ایف کا سب سے زیادہ مقروض ملک ہے، جس کے ذمے 42 ارب 91 کروڑ 17 لاکھ 7 ہزار 275 ڈالر قرض (32 ارب 24 کروڑ 9 لاکھ 27 ہزار 500 ایس ڈی آر) ہے، دوسرے نمبر پر مصر 17 ارب 86 کروڑ 12 لاکھ 13 ہزار 678 ڈالر (13 ارب 41 کروڑ 96 لاکھ 96 ہزار 671 ایس ڈی آر) کا مقروض ہے، یوکرین 9 ارب 99 کروڑ 52 لاکھ 99 ہزار 657 ڈالر (7 ارب 50 کروڑ 97 لاکھ 85 ہزار 838 ایس ڈی آر) کے ساتھ تیسرے، ایکواڈور 8 ارب 11 کروڑ 40 لاکھ 58 ہزار 960 ڈالر (6 ارب 9 کروڑ 63 لاکھ 50 ہزار ایس ڈی آر) کے ساتھ چوتھے، جبکہ پاکستان 7 ارب 61 کروڑ 60 لاکھ 32 ہزار 170 ڈالر (5 ارب 72 کروڑ 21 لاکھ 66 ہزار 668 ایس ڈی آر) کے ساتھ پانچویں نمبر پر آئی ایم ایف کا سب سے زیادہ مقروض ملک ہے۔ اسی طرح آئی ایم ایف کے مقروض ممالک کا خطے کے لحاظ سے موازنہ کیا جائے تو براعظم امریکہ 63 ارب 90 کروڑ 32 لاکھ 85 ہزار 580 ڈالر (48 ارب 1 کروڑ 25 لاکھ 66 ہزار 459 ایس ڈی آر) کے ساتھ پہلے، براعظم افریقہ 55 ارب 44 کروڑ 17 لاکھ 66 ہزار 40 ڈالر (41 ارب 65 کروڑ 51 لاکھ 58 ہزار 298 ایس ڈی آر) کے ساتھ دوسرے، ایشیا 15 ارب 84 کروڑ 45 لاکھ 5 ہزار 22 ڈالر (11 ارب 90 کروڑ 44 لاکھ 79 ہزار 456 ایس ڈی آر) کے ساتھ تیسرے، یورپ 21 ارب 99 کروڑ 47 لاکھ 53 ہزار 144 ڈالر (9 ارب 76 کروڑ 33 لاکھ 70 ہزار 432 ایس ڈی آر) کے ساتھ چوتھے جبکہ بحرالکاہل (اوشنیاء) 7 کروڑ 45 لاکھ 36 ہزار 229 ڈالر (5 کروڑ 60 لاکھ 1 ہزار 434 ایس ڈی آر) کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔ آئی ایم ایف کے اعداد وشمار کے مطابق 47 افریقی ممالک، 20 امریکی ممالک، 15 ایشیائی ممالک، 8 یورپی ممالک جبکہ بحرالکاہل (اوشنیاء) کے 4 ممالک کا آئی ایم ایف کے ساتھ قرض پروگرام جاری ہے۔ آئی ایم ایف سے لیے قرضوں کے اعتبار سے براعظم امریکہ کا مقروض ترین ملک ارجنٹینا ہے جس کے ذمے آئی ایم ایف کے 42 ارب 91 کروڑ 17 لاکھ 7 ہزار 275 ڈالر (32 ارب 24 کروڑ 9 لاکھ 27 ہزار 500 ایس ڈی آر) ہے، ایکواڈور 8 ارب 11 کروڑ 40 لاکھ 58 ہزار 960 ڈالر (6 ارب 9 کروڑ 63 لاکھ 50 ہزار ایس ڈی آر) کے ساتھ دوسرے، کولمبیا 4 ارب 99 کروڑ 1 لاکھ 37 ہزار 500 ڈالر (3 ارب 75 لاکھ ایس ڈی آر) کے ساتھ تیسرے، کوٹ ڈی آئیوری 2 ارب 5 کروڑ 99 لاکھ 34 ہزار 730 ڈالر (1 ارب 54 کروڑ 76 لاکھ 94 ہزار 336 ایس ڈی آر) کے ساتھ چوتھے جبکہ کوسٹاریکا 1 ارب 31 کروڑ 52 لاکھ 64 ہزار 554 ڈالر (98 کروڑ 82 لاکھ ایس ڈی آر) کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔ براعظم افریقہ کا مقروض ترین ملک مصر ہے جس کے ذمے آئی ایم ایف کا 17 ارب 86 کروڑ 12 لاکھ 13 ہزار 678 ڈالر (13 ارب 41 کروڑ 96 لاکھ 96 ہزار 671 ایس ڈی آر) ہے، اینگولیا 4 ارب 27 کروڑ 69 لاکھ 38 ہزار 998 ڈالر (3 ارب 21 کروڑ 34 لاکھ ایس ڈی آر) کے ساتھ دوسرے، جنوبی افریقہ 4 ارب 6 کروڑ 10 لاکھ 55 ہزار 664 ڈالر (3 ارب 5 کروڑ 12 لاکھ ایس ڈی آر) کے ساتھ تیسرے، نائیجیریا 3 ارب 26 کروڑ 68 لاکھ 65 ہزار 865 ڈالر (2 ارب 45 کروڑ 45 لاکھ ایس ڈی آر) کے ساتھ چوتھے جبکہ کینیا 2 ارب 35 کروڑ 14 لاکھ 6 ہزار 465 ڈالر (1 ارب 76 کروڑ 66 لاکھ 86 ہزار 300 ایس ڈی آر) کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔ ایشیائی ممالک میں آئی ایم ایف قرضوں کے حساب سے پاکستان پہلے نمبر پر ہے، جس کے ذمے آئی ایم ایف کے 7 ارب 61 کروڑ 60 لاکھ 32 ہزار 170 ڈالر (5 ارب 72 کروڑ 21 لاکھ 66 ہزار 668 ایس ڈی آر) ہیں، جورڈن 1 ارب 95 کروڑ 55 لاکھ 15 ہزار 361 ڈالر (1 ارب 46 کروڑ 92 لاکھ 40 ہزار 750 ایس ڈی آر) کے ساتھ دوسرے، بنگلہ دیش 1 ارب 40 کروڑ 99 لاکھ 67 ہزار 196 ڈالر (1 ارب 5 کروڑ 93 لاکھ 53 ہزار 100 ایس ڈی آر) کے ساتھ تیسرے، سری لنکا 1 ارب 4 کروڑ 86 لاکھ 61 ہزار 291 ڈالر (78 کروڑ 78 لاکھ 92 ہزار 508 ایس ڈی آر) کے ساتھ چوتھے، جبکہ میانمار 68 کروڑ 78 لاکھ 45 ہزار 296 (51 کروڑ 68 لاکھ ایس ڈی آر) کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔ یورپی ممالک میں یوکرین پر آئی ایم ایف کا سب سے زیادہ قرضہ 9 ارب 99 کروڑ 52 لاکھ 99 ہزار 657 ڈالر (7 ارب 50 کروڑ 97 لاکھ 85 ہزار 838 ایس ڈی آر) ہے، ریپبلک آف سربیا کے ذمے 1 ارب 4 کروڑ 58 لاکھ 22 ہزار 987 ڈالر (78 کروڑ 57 لاکھ 60 ہزار ایس ڈی آر) قرضے کے ساتھ دوسرے نمبر، ریپبلک آف مالڈووا 65 کروڑ 85 لاکھ 17 ہزار 376 ڈالر (49 کروڑ 47 لاکھ 65 ہزار 3 ایس ڈی آر) کے ساتھ تیسرے، بوسنیا و ہرزیگووینا 47 کروڑ 95 لاکھ 73 ہزار 447 ڈالر (36 کروڑ 3 لاکھ 18 ہزار 750 ایس ڈی آر) قرضے کے ساتھ چوتھے جبکہ البیناء 38 کروڑ 12 لاکھ 70 ہزار 786 ڈالر (28 کروڑ 64 لاکھ 60 ہزار 841 ایس ڈی آر) قرضے کے ساتھ پانچویں نمبر پر ہے۔ براعظم بحرالکاہل (اوشنیاء) کے صرف چار ممالک پر ہی آئی ایم ایف کا قرضہ ہے، جن میں جزائرسلیمان پر 2 کروڑ 81 ہزار 78 ہزار 544 ڈالر (2 کروڑ 11 لاکھ 71 ہزار 434 ایس ڈی آر) قرضہ، سامووا پر 2 کروڑ 23 لاکھ 33 ہزار 677 ڈالر (1 کروڑ 67 لاکھ 80 ہزار ایس ڈی آر) قرضہ، ٹونگا پر 1 کروڑ 83 لاکھ 67 ہزار 386 ڈالر (1 کروڑ 38 لاکھ ایس ڈی آر) قرضہ جبکہ وانواتو پر سب سے کم 56 لاکھ 56 ہزار 626 ڈالر (42 لاکھ 50 ہزار ایس ڈی آر) قرضہ ہے۔

# حکومت نے ڈالر کی آمد میں اضافے کی ایمنسٹی اسکیم کی تجویز مسترد کردی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) حکومت نے ڈالر کی آمد میں اضافے کے لیے ایمنسٹی اسکیم کی تجویز کو اس بنیاد پر مسترد کردیا ہے کہ ایسے اقدامات سے پاکستان کے لیے مشکلات پیدا ہوں گی۔ 21 فروری 2023 کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ اور محصولات کے اجلاس میں اس معاملے پر غور کیا گیا۔ ایمنسٹی اسکیموں کی تجویز کا مقصد ڈالر کی آمد میں اضافہ کرنا ہے، حکومت نے اس پیشکش کو اس بنیاد پر مسترد کردیا کہ اس طرح کے اقدام سے پاکستان ایک بار پھر فنانشل ایکشن ٹاسک فورس کی بلیک لسٹ میں داخل ہوجائے گا۔ کمیٹی نے تمام اداروں پر لاگو ایک جامع سپر ٹیکس کی سفارش کی، جوکہ منافع کی حد پر مبنی ہوگا، جیسا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے تجویز کیا ہے۔ حکومت بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ عملے کی سطح کے معاہدے کی آنے والی کامیابی کے بارے میں پرامید ہے، جس سے توقع کی جاتی ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے رقوم کی آمد میں آسانی پیدا ہوگی اور ان رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا جو اس عمل میں رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ کمیٹی نے شرح تبادلہ میں ہیرا پھیری میں ملوث بینکوں کی تحقیقات کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات پر متعلقہ حکام سے پیش رفت رپورٹ طلب کی۔



